54 x 5

AGHA STEEL

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Tenth Annual General Meeting of the Shareholders of Agha Steel Industries Limited ("the Company") will be held on Monday, 16th October, 2023 at 11:30 a.m., Plot No NWIZ/1/P-133, (SP-6) D-2, Port Qasim, Karachi as well as through Video Conference facility to transact the following business:

**Ordinary Business**

1) To confirm minutes of Extra Ordinary General Meeting held on 23rd June, 2023.

2) To receive, consider and adopt annual audited financial statements of the Company together with the Directors' and the Auditors' Reports thereon for the year ended June 30, 2023.

3) To appoint the Auditors for the year ending June 30, 2024 and fix their remuneration. The Board of Directors have recommended for reappointment of M/s. Reanda Haroon Zakaria & Company Chartered Accountants as external auditors.

4) To elect 7 (seven) Directors, as fixed by the Board in accordance with the provision of Section 159 of the Companies Act, 2017, for a term of 3 (three) years commencing immediately upon the conclusion of the 10th AGM of this Company. The names of the retiring directors of the Company, also eligible to offer themselves for re-election, are as follows:

| | |
|---|---|
| 1. Ms. Shazia Iqbal Agha | 2. Mr. Hussain Iqbal Agha |
| 3. Mr. Raza Iqbal Agha | 4. Mr. Saad Iqbal |
| 5. Mr. Akbar Pesnani | 6. Mr. Askari Asghar Agha |
| 7. Mr. Muhammad Asif | |

**Special Business**

5) To consider and, if thought fit, pass the following resolutions as special resolutions, with or without modification, pursuant to the provisions of Sections 58, 83(1)(b) and 85 of the Companies Act, 2017 (along with all applicable laws), for the purposes of (i) authorizing the Company to issue up to 100,000,000 (One Hundred Million) preference shares, with differential rights and privileges, having face value of PKR 10/- (Pak Rupees Ten) each, constituting up to 16.5% of the existing paid up capital (which is currently 604,879,058 ordinary shares) and up to approximately 14.18% of the post-issuance paid up capital of the Company, other than by way of right for cash consideration, in favour of existing sponsors/shareholders of the Company and certain strategic investors who have offered to subscribe to the Preference Shares **("Issuance")**.

**"RESOLVED THAT** subject to compliance with the applicable laws and obtaining the approval of the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") pursuant to Sections 58 and 83(1)(b) of the Companies Act, 2017 (along with all applicable laws), the Company be and is hereby authorized to issue up to 100,000,000 (One Hundred Million) preference shares, with differential rights and privileges, having a face value of PKR 10/- (Pak Rupees Ten) each, other than by way of right for cash consideration, in favour of existing sponsors/shareholders of the Company and certain strategic investors who have offered to subscribe to the Preference Shares, at a price of PKR 10/- (Pak Rupees Ten) each, in cash, aggregating up to PKR 1,000,000,000/- (Pak Rupees One Billion).

**FURTHER RESOLVED THAT** the Company is hereby authorized to obtain an advance against the issuance of the Preference Shares from the following strategic shareholders and investors who have offered to subscribe to the Preference Shares:

(i) Hussain Iqbal Agha; and
(ii) Raza Iqbal Agha

**FURTHER RESOLVED THAT** the Company be and is hereby authorized and empowered to take all such actions including, but not limited to, filing the requisite applications for seeking the permission of the SECP and / or any other regulatory approvals that may be required under the applicable laws for the issuance of the Preference Shares.

**FURTHER RESOLVED THAT** the Chief Executive Officer and / or Chief Financial Officer and / or Company Secretary of the Company, or such other person(s) as may be authorized by any of them, be and are hereby, jointly and severally, authorized and empowered to execute and deliver all necessary documents, take all necessary steps, and do all such acts, deeds and things including, but not limited to, carrying out all filings, submissions and applications with the PSX and the SECP, for and on behalf, and in the name, of the Company as may be necessary or required or as any of them may think fit for or in connection with or incidental for the purposes of fulfilling the above resolutions and fulfilling the objectives thereof.

**FURTHER RESOLVED THAT** the aforesaid resolutions shall be subject to any amendments, modifications, additions or deletions as may be suggested, directed or required by the SECP or any other regulatory body, which changes shall be deemed to be part of these special resolutions without the need of the shareholders to pass fresh resolutions unless the same are of a substantial nature."

**Any Other Business:**

6) To transact any other business with the permission of Chair.

Statement as required under section 134(3) of the Companies act, 2017 in respect of the special business to be considered at the meeting is being sent to the shareholder with this notice.

By the order of the Board

Date: 25th September, 2023
Karachi

**Muhammad Muneeb Khan**
Company Secretary

**Notes:**

**1. Book Closure:**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from 09th October, 2023 to 16th October, 2023 (both days inclusive). Transfers received in order by our Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi by the close of business on 06th October, 2023 will be considered in time for the determination of any entitlement, as recommended by the Board of Directors and attending the meeting.

**2. Appointment of Proxies and Attending AGM:**

i) A member entitled to attend and vote at the meeting may appoint another member as his/her proxy who shall have such rights as respects attending, speaking and voting at the meeting as are available to a member.

ii) A duly completed instrument of proxy to be valid must be deposited at the registered office not less than 48 hours before the time of the meeting. Attested copies of valid CNIC or the passport of the member and the Proxy shall be furnished with the Proxy Form.

iii) The instrument of proxy should be duly signed, stamped and witnessed by two persons with their names, address, CNIC numbers and signatures.

iv) CDC account holders are also required to follow the guidelines as laid down in Circular No.1 dated 26, January 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

**A. For Attending the Meeting:**

i) In case of individual, the account holder or sub-account holder and/or the person, whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the meeting.

ii) Members registered on Central Depository Company (CDC) are also requested to bring their particulars, I.D. numbers and account numbers in CDS.

iii) In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of meeting.

**B. For Appointing Proxies:**

i) In case of individual, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per requirement notified by the Company.

ii) The Proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

iv) The proxy shall produce his original CNIC or original passport at the time of the meeting. Corporate entities shall submit the Board of Directors resolution/Power of Attorney with specimen signature along with proxy form.

**3. Updating of particulars:**

Please notify any change in mailing address and email address to our Share Registrar, in case of physical shareholders and in case of CDC account to its Participant/Investor Account Services.

**4. Submission of Copies of Valid CNICs (mandatory):**

Members, who have not yet submitted attested photocopy of their valid CNIC along with folio number are requested to send the same, at the earliest, directly to the Company's Share Registrar.

**5. Payment of Dividend through electronic mode (Mandatory):**

Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for listed Company to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into bank account designated by the entitled shareholders.

In order to receive dividend directly into their bank account, shareholders are requested to fill in Electronic Credit Mandate Form available on Company's website and send it duly signed along with a copy of CNIC to the Registrar of the Company, in case of physical shares.

In case shares are held in CDC then Electronic Credit Mandate Form must be submitted directly to shareholder's broker / participant / CDC account services.

**6. Circulation of Audited Financial Statements through QR Enabled Code:**

The Company be and is hereby allowed by The Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") through its Notification No. S.R.O 389(I)/2023 dated March 21, 2023, to circulate the annual balance sheet and profit and loss account, auditor's report and directors report, etc. ("annual audited financial statements") to its members through QR enabled code and web link. A shareholder may request the Company Secretary or Share Registrar of the Company to provide a hard copy of Annual Audited Accounts, and the same will be provided at shareholder's registered addresses, free of cost within one week of the demand. In this regard, the Company's designated email address / Share Registrar email address will be placed on website of the Company.

**7. Unclaimed dividends & bonus shares:**

Shareholders, who by any reason, could not claim their dividend or bonus shares or did not collect their physical shares, are advised to contact our Share Registrar M/s CDC Share Registrar Services Limited Ltd. to collect/enquire about their unclaimed dividend or pending shares, if any.

Please note that in compliance with Section 244 of the Companies Act, 2017, after having completed the stipulated procedure, all dividends unclaimed for a period of three years from the date due and payable shall be deposited to the credit of the Federal Government and in case of shares, shall be delivered to the Securities & Exchange Commission of Pakistan.

**8. Election of Directors:**

A. Any person who seeks to contest the election for the office of Director shall, whether he is a retiring director or otherwise, file following documents/ information with the Company at its registered office, no later than fourteen (14) days before the date of meeting:

i. Notice of his/her intention to offer himself /herself for election of directors in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017.

ii. Consent to act as director on Form-28 under section 167 of the Companies Act, 2017 along with copy of attested copy of CNIC, NTN or Passport.

iii. A detailed profile of the Candidate including his/her office address for placement onto the Company's website as required under SECP's SRO 1196(I) / 2019 dated October 03, 2019.

iv. A declaration confirming that:

- He/she is aware of his/her duties, liabilities and powers under the Companies Act 2017, the Securities Act 2015, Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, listing regulations of Pakistan Stock Exchange, Memorandum and Articles of Association and all other applicable laws/rules/regulations/codes etc.
- He/she is not ineligible to become a director of a listed company under any provisions of the Act, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and any other applicable law, rules and regulations.
- He/she is not a minor neither of unsound mind nor an un-discharged insolvent.
- He/she is borne on the register of National Taxpayers.
- He/she has not been convicted by a court as defaulter in payment of loan to financial institutions, ·Development Financial Institution and Non-Banking Financial Institution. ·
- He/she is not serving as director in more than seven listed companies simultaneously.
- Neither he/she nor his/her spouse is engaged in the business of stock brokerage.
- He/she is aware of "Closed Period", required prior to the announcement of interim and final results, and business decisions, which may materially affect the market price of company's securities.

v. Copy of valid CNIC (in case of Pakistani national)/ Passport (in case of foreign national), and NTC and Folio Number/CDC Investors Account No. /CDC Sub- Account No (applicable for person filing consent for the first time).

B. Independent Directors shall be elected through a process of Election of Directors required under section 159 of the Companies Act, 2017. Independent Director(s) shall meet the criteria laid down in Section 166 of the Companies Act, 2017 as well as the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018 Accordingly, the following additional documents are to be submitted by the candidates intending to contest election of Directors as an Independent Director:

I. Declaration by Independent Director under Clause 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.

II. Undertaking on the appropriate denomination of non-judicial stamp paper that he/she meets the requirements of sub-regulation (1) of Regulation 4 of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

**9. Filer and Non-Filer Status:**

i) The Government of Pakistan through the Finance Act, 2022 in Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 prescribed the following rates for withholding tax against dividend payments by the companies. Members whose names are not entered into the Active Taxpayers List (ATL) provided on the FBR website, despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL to avoid higher tax deductions against any future dividends.

ii) For any query/problem/information, the investors may contact the Share Registrar at the following phone numbers, or email addresses:

**CDC Share Registrar Services Limited**
**CDC House, 99-B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahra-e-Faisal,**
**Karachi – 74400.**
Email: info@cdcsrsl.com
Tel: 0800-23275

iii) Corporate shareholders having CDC accounts are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificate to the Share Registrar i.e. M/s CDC Share Registrar Services Limited. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote the company name and their respective folio number.

**10. Participation in the AGM via the Video Conferencing Facility:**

The Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) through its Circular No. 6 dated March 03, 2021 has allowed listed companies to arrange participation of shareholders in Annual General Meeting through Video Link Facility in addition to physical attendance by the members as well. Shareholders interested in attending the meeting through video conferencing are requested to email the following information with the subject "Registration for Agha Steel Industries Limited AGM" along with a valid copy of both sides of their Computerized National Identity Card (CNIC) at cdcsr@cdcsrsl.com. Video link and login credentials will be shared with only those members whose emails, containing all the required particulars, are received on or before 13th October, 2023 before the time of AGM.

Shareholders can also provide their comments and questions for the agenda items of the AGM at the email address: cdcsr@cdcsrsl.com

| Full Name of Shareholder/ Proxy Holder | Company | CNIC No. | Folio No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|---|
| | AGHA STEEL INDUSTRIES LIMITED | | | | |

**Note:**

- The Notice of Meeting has been placed on the Company's website www.aghasteel.com in addition to its dispatch to the shareholders.
- For the Convenience of Shareholders, The Company will provide transport facility available at Pakistan Stock Exchange at 10:00 a.m. sharp to the Venue and dropped back at Pakistan Stock Exchange.

**11. Procedure for Postal Ballot / E-Voting:**

In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, latest amendments circulated through SRO dated December 05, 2022, SECP has directed all listed companies for the purpose of Polling on Special Business / election of directors, if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under Section 159 (1) of the Companies Act, 2017, shareholders will be allowed to exercise their right to vote through postal ballot i.e. by post or e-voting, in the manner and subject to the conditions contained in the aforesaid regulations. Procedure and details will be communicated accordingly.

**12. Code of Conduct for Shareholders in General Meeting:**

I. Section 215 of Companies Act, 2017 (the "Act") and Regulation 28 of the Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018, state the Code of Conduct of the Shareholders as follows:

a) Shareholders are not permitted to exert influence or approach the management directly for decisions which may lead to creation of hurdles in the smooth functioning of management. The law states that Shareholders shall not bring material that may cause threat to participants or premises where the AGM is being held, confine themselves to the agenda items covered in the notice of the AGM and shall not conduct themselves in a manner to disclose any political affiliation.

b) Any shareholder who fails to conduct in the manner provided in this section and as specified by the Commission shall be guilty of an offence under this section and shall be liable to a penalty not exceeding of level 1 on the standard scale.

II. Additionally, In compliance with Section 185 of Companies Act, 2017; the Company is not permitted to distribute gifts in any form to its members in its meeting.

54 x 5

AGHA STEEL

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ آغا اسٹیل انڈسٹریز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے حصص داران کا دسواں (10th) سالانہ اجلاس عام مورخہ 16 اکتوبر 2023 بروز پیر بوقت 11:30 بجے دن بمقام پلاٹ نمبر این ڈبلیو آئی زیڈ/1/پی-133، (ایس پی-6)، ڈی-2، پورٹ قاسم، کراچی میں منعقد ہو رہا ہے اور درج ذیل کارروائی کے سلسلے میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔

**عمومی کارروائی:**

1) 23 جون 2023 کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کے اہم نکات کی تصدیق کرنا۔

2) 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کی سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹ بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ کو وصول کرنا، غور کرنا اور منظور کرنا۔

3) 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال (اگلے سال) کیلئے آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کے مشاہیر طے کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز رینڈ اہارون زکریا اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹس کو بیرونی آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرر کے لیے اپنی تجاویز دے دی ہیں۔

4) کمپنی کے 10 ویں سالانہ اجلاس عام کے اختتام کے بعد شروع ہونے والے اگلے 3 (تین) سال کے لیے 7 (سات) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 159 کی پروویژن کے مطابق بورڈ کی جانب سے طے شدہ ہے۔ کمپنی سے ریٹائرڈ ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں، یہ دوبارہ انتخاب کے لیے بھی اہل ہیں۔

1- شازیہ اقبال آغا　　2- حسین اقبال آغا
3- رضا اقبال آغا　　4- سعد اقبال
5- اکبر پیسنینی　　6- عسکری اصغر آغا　　7- محمد آصف

**خصوصی امور:**

5) غور کرنا اور، اگر صحیح سمجھا گیا، تو کمپنیز ایکٹ، 2017 (بمعہ قابل اطلاق قوانین) کی دفعات 58، 83 (1) b اور 85 کے مطابق، ترمیم کے ساتھ یا ترمیم کے بغیر درج ذیل قراردادوں کو خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنا ہے، (اس کا) مقصد، کمپنی کا اختیار دینا ہے کہ (یہ) مختلف امتیازی حقوق اور مراعات کے ساتھ 100,000,000 (ایک سوملین) ترجیحی حصص جاری کر سکے جن کی ظاہری قیمت -/10 روپے (دس روپے) فی حصص ہو۔ موجودہ اداشدہ سرمایہ (جو کہ ابھی اس وقت 604,879,058 عمومی شیئرز ہیں) کا 16.5 فیصد تک اور کمپنی کے اداشدہ سرمایہ کے جاری ہونے کے بعد تقریباً 14.8 فیصد تک کا تعین کرنا ہے، یہ کمپنی کے موجودہ اسپانسرز/حصص داران کی خیر خواہی کے لیے، نقد رقم کے علاوہ ہے، کیونکہ یہ لوگ یقینی طور پر اسٹریٹیجک سرمایہ کار ہیں، جنہیں ترجیحی حصص (''اجرا'') کے لیے یہ پیشکش کی جا چکی ہے۔

''کمپنیز ایکٹ 2017 (بمعہ تمام قابل اطلاق قوانین) کی دفعات 58 اور 83 (1) b کے مطابق قابل اطلاق قوانین کی تعمیل اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''ایس ای سی پی'') سے منظوری لینے سے مشروط یہ قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی کو بذریعہ ہذا اختیار ہے کہ (یہ) مختلف امتیازی حقوق اور مراعات کے ساتھ -/10 روپے (دس روپے) فی ظاہری قیمت کے ساتھ 100,000,000 (ایک سوملین) کے ترجیحی حصص جاری کر سکتی ہے، یہ کمپنی کے موجودہ اسپانسرز/حصص داران کے لیے نقد رقم کے علاوہ ہے اور (یہ) یقینی طور پر تزویراتی سرمایہ کار ہیں، جنہیں 10 روپے (پاکستانی دس روپے) فی حصص کی قیمت کے حساب سے سبسکرائب کرنے کی پیشکش کی جا چکی ہے، نقد میں یہ رقم مجموعی طور پر -/1,000,000,000 روپے (ایک ارب پاکستانی روپے) ہے۔

مزید یہ کہ کمپنی کو بذریعہ ہذا (یہ) اختیار ہے کہ درج ذیل اسٹریٹیجک شیئر ہولڈرز اور سرمایہ کاروں کے لیے اجراء شدہ ترجیحی شیئرز پر پیشگی رقم حاصل کر سکتا ہے، ان (سرمایہ کاروں اور حصص داران) کو ترجیحی شیئرز کو سبسکرائب کرنے کی پیشکش کی جا چکی ہے۔

(I) حسین اقبال آغا

(II) رضا اقبال آغا

مزید یہ کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا چیف فنانشل آفیسر اور/یا کمپنی کے کمپنی سیکریٹری، یا ایسے دوسرے شخص (شخصیات) جو ان میں سے کسی کے ذریعہ مجاز ہوں، مشترکہ طور پر اور الگ الگ طور پر، بااختیار اور بااختیار ہوں۔ تمام ضروری دستاویزات کو انجام دینے اور ان کی فراہمی کے لیے، تمام ضروری اقدامات کرنے، اور اس طرح کے تمام اعمال، اعمال اور چیزیں شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں، PSX اور SECP کے ساتھ تمام فائلنگز، گزارشات اور درخواستوں کو لے کر، اور اس کی طرف سے، اور کمپنی کے نام پر، جیسا کہ ضروری یا ضرورت ہو یا جیسا کہ ان میں سے کوئی بھی مذکورہ قراردادوں کو پورا کرنے اور اس کے مقاصد کو پورا کرنے کے مقاصد کے لیے یا اس کے سلسلے میں یا اتفاقی طور پر مناسب سمجھے۔

مزید یہ کہ مذکورہ بالا قراردادیں ایس ای سی پی یا کسی دیگر ریگولیٹری ادارے کی طرف سے دی گئیں ہدایات، تجاویز کی روشنی میں کسی بھی ترمیم، ماڈیفیکشن، اضافہ یا خذف سے مشروط ہیں، اس میں کی گئیں تبدیلیاں ان خصوصی قراردادوں کا حصہ تصور کی جائیں گی اس کے لیے حصص داران کی جانب سے نئی قراردادوں کی ضرورت نہیں ہوگی جب تک یہ عمومی نوعیت کی ہوں گی۔

**دیگر ضروری امور:**

6) صدر مجلس کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 13 (43) کے تحت اجلاس میں غور و خوض کرنے کے لیے خصوصی امور کے سلسلے میں مطلوب اسٹیٹمنٹ کو نوٹس ہذا کے ساتھ حصص داران کو بھیجا جا رہا ہے۔

بحکم بورڈ

محمد منیب خان
کمپنی سیکریٹری

مورخہ: 25 ستمبر 2023
کراچی

**نوٹس:**

### 1- کتب کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 09 اکتوبر 2023 تا 16 اکتوبر 2023 (بشمول دونوں ایام) بند رہے گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس-ایم-سی-ایچ-ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں مورخہ 06 اکتوبر 2023 کو کاروبار بند ہونے سے پہلے موصول شدہ ٹرانسفرز کو، بورڈ آف ڈائریکٹرز اور حاضرین اجلاس کی تجاویز کے مطابق کسی بھی حقدار کے تعین کے لیے (اسے) بروقت تصور کیا جائے گا۔

### 2- پراکسیز کا تقرر اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت

(i) اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے ایک ممبر اپنی جگہ پراکسی کے طور پر ایک دوسرے ممبر کا تقرر کر سکتا ہے، اجلاس میں اس (پراکسی) کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے سلسلے میں وہی حقوق ہوں گے جیسے ایک ممبر کے (حقوق) ہوتے ہیں۔

(ii) پراکسی کے باقاعدہ مکمل دستاویزات، جو کارآمد ہونے چاہئیں، اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے رجسٹرڈ آفس میں لازمی طور پر جمع ہو جانے چاہئیں۔ ممبر اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کارآمد نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونے چاہئیں۔

(iii) پراکسی کے دستاویزات پر باضابطہ دستخط اور مہر لگی ہونی چاہیے اور اس پر گواہان کے لیے دو اشخاص کے نام بمعہ اُن کے پتے، قومی شناختی کارڈ نمبر اور دستخط ہونے چاہئیں۔

(iv) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی طرف جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

#### اے۔ اجلاس میں شرکت

(i) فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا شخص، جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں موجود ہیں اور اِن کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ شدہ ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروا سکتا ہے۔

(ii) سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی (سی ڈی سی میں رجسٹرڈ شدہ ممبران سے التماس ہے کہ (وہ) اسی ڈی ایس میں اپنے دستاویزات جیسا کہ شناختی کارڈ نمبر اور اکاؤنٹ نمبر ضرور لے کر آئیں۔

(iii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمع امیدوار کے نمونے کے دستخط اجلاس میں شرکت کے وقت دکھانا ہوگا (اگر پہلے سے فراہم نہیں کیے گئے)۔

#### ب۔ پراکسیز کا تقرر

(i) فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا شخص، جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں موجود ہیں اور اِن کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ شدہ ہیں، کو کمپنی کی جانب سے بتائے گئے تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم پر دو اشخاص بطور گواہان ہونے چاہئیں، ان کے نام، پتے اور، قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہونا چاہیے۔

(iii) مستفید شدہ مالک اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہوں گی۔

(iv) اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد/مختار نامہ بمعہ نمونے کے دستخط پراکسی فارم کے ہمراہ ہونے چاہئیں۔

### 3- دستاویزات کو اپ ڈیٹ کرنا

براہ کرم، فزیکل شیئر ہولڈرز کی صورت میں اپنے پتے اور ای میل میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں ہمارے شیئر رجسٹرار اور سی ڈی سی اکاؤنٹ کی صورت میں اپنے شریک/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو ضرور مطلع کریں۔

### 4- کارآمد قومی شناختی کارڈ کی نقول جمع کرانا (لازمی)

وہ تمام ارکان، جنہوں نے ابھی تک اپنی کارآمد قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول بمع فولیو نمبر جمع نہیں کرائے، اِن سے درخواست کی جاتی ہے کہ جتنا جلدی ہو سکے مطلوبہ دستاویزات براہ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار میں بھیج دیں۔

### 5- الیکٹرانک موڈ کے ذریعے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی (لازمی)

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 242 کے پرویژن کے تحت، فہرست شدہ کمپنی کے لیے یہ لازمی ہے کہ (وہ) شیئر ہولڈرز کو صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے کیش ڈیویڈنڈ ادا کرے (اس کے لیے) شیئر ہولڈرز کے نام سے بنے ہوئے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست (نقد منافع) بھیجے۔

اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست نقد منافع کے حصول کے لیے، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ (وہ) کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پُر کریں اور اس پر باضابطہ دستخط کر کے قومی شناختی کارڈ کی نقل کے ہمراہ کمپنی کے رجسٹرار کو بھیج دے (اگر فزیکل شیئر ہے)

سی ڈی سی میں شیئر رکھنے کی صورت میں، الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم لازمی طور پر شیئر ہولڈر کے بروکر/شریک/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو براہ راست بھیجنا چاہیے۔

### 6- کیو آر اینبلڈ کوڈ کے ذریعے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارہ کی سرکولیشن

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر S.R.O 389(I)/2023 dated March 21, 2023 کے ذریعے کمپنی کو اجازت ہے کہ (یہ) سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع و نقصان اکاؤنٹ، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹر رپورٹ وغیرہ (سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارہ) کیو آر اینبلڈ کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے ارکان کو سرکولیٹ کر سکتا ہے۔ ایک شیئر ہولڈر کمپنی سیکریٹری یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی نقل (ہارڈ کاپی) فراہم کرنے کی درخواست کر سکتا ہے، اور یہ (ہارڈ کاپی) مطالبے پر بلا معاوضہ ایک ہفتے کے اندر شیئر ہولڈر کے رجسٹرڈ پتہ پر فراہم کر دی جائے گی۔ اس سلسلے میں، کمپنی کا نامزد ای میل ایڈریس/شیئر رجسٹرار کی ای میل ایڈریس، کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہوگا۔

### 7- ان کلیم (غیر دعویدار) ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز:

وہ شیئر ہولڈرز، جو کسی بھی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ یا بونس پر کلیم نہیں کر سکے یا اپنے فزیکل شیئر وصول نہیں کیا، (ان سے) درخواست کی جاتی ہے کہ (وہ) ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کریں (اور) اپنے غیر دعویدار شدہ ڈیویڈنڈ یا زیر التواء (اگر کوئی ہے) شیئرز وصول کریں/اس کے بارے میں استفسار کرے۔

براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 کی تعمیل میں، طے شدہ پروسیجر مکمل کرنے کے بعد، تمام مقررہ تاریخ سے تین سال کے عرصے کے غیر دعویدار شدہ ڈیویڈنڈ اور قابل ادا رقم وفاقی حکومت کے کریڈٹ میں جمع کرا دی جاتی ہے اور شیئر کی صورت میں (یہ) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کو بھیج دیئے جاتے ہیں۔

### 8- ڈائریکٹرز کا انتخاب:

اے۔ کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹر کے عہدے کے لیے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہے، چاہے وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا دوسری صورت ہو، اسے درج ذیل دستاویزات/معلومات کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن پہلے فائل کرنے ہوں گے۔

(i) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(3) کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اپنے آپ کو پیش کرنے کے سلسلہ میں ارادے کا نوٹس۔

(ii) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 167 کے تحت فارم-28 پر بطور ڈائریکٹر ایکٹ کرنے کے لیے رضامندی بمعہ قومی شناختی کارڈ، این ٹی این یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول۔

(iii) ایس ای سی پی کے ایس آر او 1196(I)/2019 مورخہ 03 اکتوبر 2019 کے تحت مطلوب کمپنی کی ویب سائٹ پر لگانے کے لیے امیدوار کی مفصل پروفائل بشمول اس کے دفتر کا پتہ۔

(iv) ایک اقرار نامہ جس میں درج ذیل باتوں کی تصدیق کی گئی ہو۔

- یہ شخص کمپنیز ایکٹ 2017، سیکیورٹیز ایکٹ 2015، فہرست شدہ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019، لسٹنگ ریگولیشنز آف پاکستان اسٹاک ایکسچینج، میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور دیگر قابل اطلاق قوانین/قواعد/ضوابط/کوڈ ذوغیرہ کے تحت اپنی ذمہ داریوں، لائیبلٹی اور اختیارات سے آگاہ ہو۔
- ایکٹ، فہرست شدہ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور دیگر قابل اطلاق قوانین، قواعد اور ضوابط کے کسی بھی پرویژن کے تحت ایک فہرست شدہ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔
- یہ ذرا سا بھی ذہنی بیمار و معذور نہیں ہے اور نہ ہی یہ رقم ادا نہ کرنے والا دیوالیہ/تہی دست ہے۔
- اس کا نام قومی ٹیکس دہندگان کی فہرست پر موجود ہے۔
- مالیاتی اداروں، ڈویلپمنٹ فنانشل انسٹی ٹیوشن اور نان بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوشن سے لیا گیا قرض کی ادائیگی میں بطور دیوالیہ (ڈیفالٹ) عدالت سے سزا یافتہ نہیں ہے۔
- یہ بیک وقت سات سے زائد فہرست شدہ کمپنیز میں بحیثیت ڈائریکٹر اپنی خدمات انجام نہیں دے رہا ہے۔
- یہ شخص اور نہ ہی اس کی شریک حیات اسٹاک بروکریج کے کاروبار میں منسلک ہے۔
- یہ شخص ''کلوز پیریڈ'' سے آگاہ ہے جو عبوری اور حتمی نتائج، اور کاروباری فیصلوں کے اعلان سے پہلے مطلوب ہوتا ہے، جس کا کمپنی کی سیکیورٹی کی مارکیٹ پرائس پر مادی طور پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

(v) (پاکستانی شہریت کی صورت میں) کارآمد قومی شناختی کارڈ کی نقل/(غیر ملکی شہریت ہونے کی صورت میں) پاسپورٹ کی نقل، اور این ٹی سی اور فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ نمبر (پہلی مرتبہ رضامندی داخل کرانے کے لیے قابل اطلاق ہے)۔

ب۔ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت درکار ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار کے ذریعے منتخب کیا جائے گا۔ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 اور اسی طرح کمپنیز (مینرز اور سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، 2018 میں دیا گیا معیار پر پورا اترنا ہوگا۔ اس کے ساتھ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے طور پر ڈائریکٹر کا انتخاب لڑنے کے لیے امیدوار کو درج ذیل اضافہ دستاویزات جمع کرانے ہوں گے۔

(i) فہرست شدہ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی دفعہ 6(3) کے تحت انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کا اقرار نامہ۔

(ii) نان جوڈیشل اسٹیمپ پیپر پر موزوں مالیت کا اقرار نامہ کہ یہ شخص کمپنیز (مینرز اینڈ سیلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کی ریگولیشن 4 کی ذیلی ریگولیشن (1) کے تقاضوں پر پورا اُترتا ہے۔

### 9- فائلر اور نان فائلر اسٹیٹس

(i) حکومت پاکستان انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی دفعہ 150 میں فنانس ایکٹ 2022 کے ذریعے کمپنیز کی جانب سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں کے سلسلے میں ودہولڈنگ ٹیکس کے لیے درج ذیل ریٹس (شرح) تجویز کیے گئے ہیں۔ (وہ) ممبران جن کے نام (اس بات سے قطع نظر کہ یہ فائلر ہیں) ایف بی آر کی ویب سائٹ پر موجود فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست پر داخل نہیں کیے گئے ہیں، (اِن سے) درخواست کی جاتی ہے کہ مستقبل میں کسی بھی ڈیویڈنڈ میں بہت زیادہ ٹیکس کٹوتی سے بچنے کے لیے، اپنے نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (اے ٹی ایل) میں داخل کرائیں۔

(ii) کسی بھی استفسار/مسئلے/معلومات کے لیے، سرمایہ کار درج ذیل فون نمبر، یا ای میل ایڈریس کے ذریعے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتا ہے۔

**سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ**
**سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس-ایم-سی-ایچ-ایس، مین شاہراہ فیصل**
**کراچی-74400**
ای میل: info@cdcsrsl.com
فون نمبر: 0800-23275

(iii) کارپوریٹ حصص یافتگان جو سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل ہیں، ان کے لیے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) متعلقہ شرکاء کے ساتھ اپ ڈیٹ ہونا چاہیے جب کہ کارپوریٹ طبعی حصص یافتگان کو اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو بھیجنی چاہئے۔ این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹ بھیجتے ہوئے حصص یافتگان کو کمپنی کا نام اور اپنا متعلقہ فولیو نمبر ضرور درج کرنا چاہیے۔

### 10- ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے سرکلر نمبر 6 مورخہ 03 مارچ 2021 کے مطابق لسٹڈ کمپنیاں اپنے حصص یافتگان کی سالانہ اجلاس عام میں شمولیت کے لیے ذاتی طور پر ممبران کی حاضری کے علاوہ ان کے لیے ویڈیو لنک کے ذریعے شمولیت کا انتظام بھی کر سکتی ہیں۔ ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شمولیت کے خواہشمند حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل معلومات بعنوان ''آغا اسٹیل انڈسٹریز لمیٹڈ اے جی ایم کے لیے رجسٹریشن'' کے ساتھ اپنے مؤثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی دو طرفہ نقول کے ساتھ cdcsr@cdcsrsl.com کے پتہ پر 21 اکتوبر 2023 کو اے جی ایم شروع ہونے سے پہلے ارسال کریں۔

علاوہ ازیں حصص یافتگان ہمارے ای میل: cdcsr@cdcsrsl.com پر اپنے تاثرات اور سوالات برائے ایجنڈا بھی ارسال کر سکتے ہیں۔

| نام حصص یافتہ فرد پراکسی ہولڈر | کمپنی | قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر | فون نمبر | ای میل کا پتہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | آغا اسٹیل انڈسٹریز لمیٹڈ | | | | |

- اطلاع برائے اجلاس عام حصص یافتگان کو ارسال کیے جانے کے علاوہ کمپنی کی ویب سائٹ www.aghasteel.com پر بھی آویزاں کر دی گئی ہے۔
- حصص یافتگان کی سہولت کے لئے، کمپنی پاکستان اسٹاک ایکسچینج سے صبح 10 بجے جائے وقوع تک ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم کرے گی اور کارروائی کے بعد واپس پاکستان اسٹاک ایکسچینج جائے گی۔

### 11- پوسٹل/ای ووٹنگ کا طریقہ کار

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ ریگولیشن، 2018، جیسا کہ ترمیم شدہ ہے، اور ایس آر او بتاریخ 05 دسمبر 2022، ایس ای سی پی نے جاری کیا میں تمام اندراج شدہ کمپنیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ خصوصی بزنس/ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ووٹنگ کرانے کی غرض سے شیئر ہولڈرز کو اجازت ہے کہ وہ ڈاک کے ذریعے ووٹ کا حق استعمال کریں جس کا طریقہ اور شرائط مذکورہ سیکشن میں وضع کی گئی ہیں، اگر ڈائریکٹرز کی مقررہ تعداد سے زیادہ افراد ڈائریکٹر کا انتخاب لڑنے کے لیے خود کو پیش کریں جو کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی سیکشن (1) 159 کے مطابق ہو۔

### 12- اجلاس عام میں حصص یافتگان کے لیے ضابطہ اخلاق

I- کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 215 (دی ایکٹ) اور ریگولیشن 28 آف دی کمپنیز (جنرل پروویژن اینڈ فارمز) ریگولیشن 2018 میں شیئر ہولڈرز کے ضابطہ اخلاق کی درج ذیل طریقے سے تشریح کی گئی ہے۔

الف)۔ حصص یافتگان کو اجازت نہیں ہے کہ وہ انتظامیہ سے بلا واسطہ رابطہ کریں یا اثر انداز ہوں کہ وہ ایسے فیصلے کریں جس سے انتظامیہ کے رواں دواں امور میں خلل پڑے۔ قانون کہتا ہے کہ کسی حصص یافتہ کو اجازت نہیں کہ وہ ایسا مواد اجلاس عام میں ساتھ لائے جس سے شرکاء یا اے جی ایم جہاں منعقد ہو رہی ہے اس جگہ کی سلامتی خطرے میں پڑے۔ وہ خود کو سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈے پر موجود آئٹمز پر توجہ دے اور خود کو اس انداز میں نہ پیش کرے جس سے اس کی سیاسی وابستگی عیاں ہو۔

ب)۔ اس سیکشن میں موجود ضابطہ اخلاق پر اگر کوئی شیئر ہولڈر عمل کرنے میں ناکام رہا تو جیسا کہ کمیشن نے بتایا ہے، اس کے خلاف اس سیکشن کے تحت ضابطہ کی خلاف ورزی پر کارروائی کی جائے گی اور اس کو وہ سزا دی جا سکتی ہے جو معیاری پیمانے کے لیول 1 سے زیادہ نہ ہو۔

II- علاوہ ازیں کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 185 کے تحت، کمپنی کو یہ اجازت نہیں ہے کہ وہ کسی بھی صورت میں اپنے ممبران کے درمیان تحائف تقسیم کرے۔